## 10977 ـ حسين رضي الله تعالى عنہ كا سر كہاں دفن ہے

**سوال**

اہل مصر كا دعوى ہے كہ حسين رضي الله تعالى عنہ كا سر ان كے ہاں دفن ہے ، اوراہل عراق نے ايك مسجد كا نام مشہد حسينى ركھا ہوا ہے ، مجھے يہ علم نہيں كہ صحيح كيا ہے اورعلماء كے اقوال ميں سے راجح قول كے مطابق حسين رضي الله تعالى عنہ كى قبر كہاں ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

حسين رضي الله تعالى عنہ كى شہادت محرم 61 ھجرى كوعراق ميں ہوئ اوران كا جسد خاكى عراق ميں ہى دفن ہوا ، اوريہ دعوى كہ ان كا سر مصر منتقل كركے وہاں دفن كياگيا توہميں اس كى كسى دليل كا علم نہيں اورنہ اصل كا علم ہے بلكہ اہل علم ميں سے بعض محققين نے تواس كا انكار كيا ہے ، اورآپكى اس چيزسے جہالت آپ كوكوئ نقصان نہيں دے گى ۔

بلكہ آپ اوردوسرے مسلمانوں كے ليے مشروع تويہ ہے كہ انہيں اورباقى سب صحابہ كرام كے ليے رضي الله تعالى عنہ كا لفظ بولا كريں اوراسى كا عقيدہ بھى ركھيں اللہ تعالى ان سب سے راضي ہو آمين ۔

اوراللہ تعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے اللہ تعالى ہمارے نبى محمد صلى اللہ عليہ وسلم اوران كى آل اورصحابہ پر رحمتيں برسائے آمين يا رب العالمين ۔ .